He said that however, challenges such as climate change, prolonged drought and land degradation are affecting the province, which requires urgent and collective measures to address.

The Chief Minister stated that the Balochistan government is committed to promoting sustainable development, expanding forest areas, and protecting biodiversity.

He urged the people to play a full role in planting trees, conserving water and protecting natural resources.

CamScanner

## حکومت پسماندہ علاقوں کی ترقی کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، نور محمد دمڑ

**عوام کے جائز مطالبات پر ترجیحی بنیادوں پر غور کیا جائے گا، وفود سے گفتگو، مسائل سنے**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ سے ان کے دفتر سول سیکرٹریٹ میں ضلع ہرنائی اور سنجاوی کے مختلف وفود نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفود نے اپنے علاقوں میں جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں سمیت امن وامان کی مجموعی صورتحال سے آگاہ کیا اس موقع پر صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہرنائی اور سنجاوی میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، انفراسٹرکچر کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبائی وزیر نے وفود کے مسائل غور سے سنے اور یقین دہانی کرائی کہ ان کے جائز مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا آخر میں وفود نے صوبائی وزیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کے مسائل جلد حل ہوں گے۔

## رکاوٹوں کے باوجود خاران کو جدید شہر بنا رہے ہیں، شعیب نوشیروانی

**ماسٹر پلان کے تحت سڑکوں کی کشادگی اور توسیعی کام کا باقاعدہ آغاز کیا جا رہا ہے، ڈی سی**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب جان نوشیروانی اور ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو نے خاران ماسٹر پلان کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام تر رکاوٹوں کے باوجود خاران شہر کو ایک جدید اور روشن شکل دینے کا منصوبہ اب تکمیل کے قریب پہنچ چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماسٹر پلان کے تحت باب خاران تا گواش روڈ، دل آرام تا جنگل روڈ، اور چیف چوک تا ہندو ملہ گرلز اسکول تک سڑکوں کی کشادگی اور توسیعی کام کا باقاعدہ آغاز کیا جا رہا ہے۔ حکام کے مطابق منصوبے کی تکمیل کے دوران راستے میں آنے والی سرکاری عمارتوں کے لیے کسی قسم کی ادائیگی نہیں کی جائے گی، جبکہ نجی املاک کے مالکان کو ڈیزائن کے مطابق معاوضہ دیا جائے گا اور انہیں اسی ڈیزائن کے تحت تعمیرات کی پابندی کرنی ہوگی۔ مزید کہا گیا کہ آر سی سی، ٹی آئرن اور کچے مکانات کے لیے ادائیگیاں الگ الگ کی جائیں گی، اور یہ تمام معاوضے 2023 کے سی ایس آر (CSR) ریٹس کے مطابق ادا کیے جائیں گے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ماسٹر پلان کی تکمیل سے خاران کا مکمل ساخت بدل جائے گا اور عوام کی دیرینہ خواہش کے مطابق شہر کی تزئین و آرائش میں اضافہ ہوگا اور اسکے ساتھ ساتھ جدید طرز کا منظر پیش کریگا۔

MASHRIQ QUETTA

## دہشتگردوں کو بلوچستان کی ترقی ہضم نہیں ہو پا رہی، فیصل خان جمالی

**عوام کی طاقت سے دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، صوبائی وزیر لائیو سٹاک**

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ بلوچستان تمام قبائل کا خوبصورت گلدستہ ہے بلوچستان کے حالات خراب کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے عوام کی طاقت سے بلوچستان میں دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا .......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

خاتون کانسٹیبل ملک ناز بلوچ نے جام شہادت نوش کر کے بلوچستانی عوام کا سر فخر سے بلند کر دیا جو خراج تحسین کی مستحق ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کو بلوچستان کی ترقی ہضم نہیں ہو پا رہی جو بلوچستان کو مزید پسماندگی کی طرف دھکیلنا چاہتے ہیں لیکن انہیں شرمندگی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آئے گا

## ہماری سیاست کا محور اقتدار نہیں، بخت محمد کاکڑ

**سڑکیں، پانی، بجلی، تعلیم، ہیلتھ کے منصوبے اولین ترجیحات میں شامل ہیں، صوبائی وزیر صحت**

**عوام کا تہہ دل سے مشکور ایک بار پھر پی پی پی پر اعتماد کا اظہار کیا، شمولیتی تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک عوامی جماعت ہے جو ہمیشہ غریب اور محروم طبقات کی آواز رہی ہے اور آئندہ بھی یہی مشن جاری رکھا جائے گا حلقہ پی بی-39 کے عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے سڑکیں، پانی، بجلی، تعلیم اور صحت کے منصوبے ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور ان پر تیزی سے کام جاری ہے ہماری سیاست کا مقصد اقتدار نہیں بلکہ عوام کی حقیقی خدمت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ ہائی اسکول کلی ملک احمد خان ہنہ میں منعقدہ شمولیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر آغا محمد، کلیم اللہ، افتخار احمد، عصمت اللہ، شاہ فیصل، مقصود احمد، اعظم، ثناء اللہ .......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

اور خالد احمد سمیت درجنوں افراد نے پاکستان پیپلز پارٹی میں باقاعدہ شمولیت اختیار کی اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی قیادت پر عوام نے بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے بڑی تعداد میں پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا اور علاقے میں پارٹی کے نئے یونٹ کا بھی باقاعدہ قیام عمل میں لایا گیا اس موقع پر علاقائی یونٹ کے عہدیداران نجیب کاکڑ، اشرف کاکڑ، سیف الرحمان کاکڑ، وہاب خان اور سجاد کاکڑ بھی موجود تھے تقریب سے مفتی امیر محمد، ملک عیسیٰ خان ہیٹی، نجیب ترین اور حاجی سالار حکیمی و دیگر نے بھی خطاب کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ عوام کا تہہ دل سے مشکور ہوں کہ انہوں نے ایک بار پھر پاکستان پیپلز پارٹی پر اعتماد کا اظہار کیا یہ شمولیتیں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ عوام خدمت، دیانت اور ترقی کی سیاست کو پسند کرتے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 22 APR 2026 Page No. 18

## ثناء بلوچ تاریخ پڑھنے کے بجائے صرف بیانات تک محدود ہیں، شاہد رند

### ان کے اپنے لیڈر کے دور میں بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم سے دور رکھا گیا، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے بی این پی کے رہنما، سابق سینیٹر ثناء بلوچ کی جانب سے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کی تقریر پر دیے گئے بیان پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ثناء بلوچ کا بیان حقیقت سے فرار اور سیاسی منافقت کی بدترین مثال ہے شاہد رند نے کہا کہ ثناء بلوچ تاریخ پڑھنے کے بجائے صرف بیانات دینے تک محدود ہیں، حقیقت یہ ہے کہ ان کے اپنے لیڈر کے دور میں بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم سے دور رکھا گیا، جبکہ دوسری جانب میر غوث بخش بزنجو جیسے رہنماؤں نے باہر سے ماہر اساتذہ لا کر یہاں تعلیمی بنیاد رکھنے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف تعلیم کے دروازے کھولنے کی کوششیں تھیں اور دوسری طرف نفرت، تعصب اور لسانی سیاست کو فروغ دیا جا رہا تھا اور ثناء بلوچ آج بھی اسی سوچ کے تسلسل کا حصہ ہیں انہوں نے کہا کہ پنجاب سے نفرت کا بیانیہ گھڑ کر کے سیاست کرنا اور عوام کو گمراہ کرنا ان ہی عناصر کا وطیرہ رہا ہے جن کی نمائندگی آج ثناء بلوچ کر رہے ہیں۔ آج بھی وہ اپنے لیڈر کی طرح صرف بیان بازی، الزامات اور لوگوں کو اکسانے کی سیاست کر رہے ہیں جبکہ زمینی حقائق سے ان کا کوئی تعلق نہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنی تقریر میں کسی کا نام نہیں لیا، مگر ثناء بلوچ کا فوراً سامنے آ کر دفاعی انداز اختیار کرنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ نشانہ کہاں لگا ہے انہوں نے کہا کہ اگر ماضی کا کردار صاف ہوتا تو اس قدر بوکھلاہٹ دیکھنے میں نہ آتی، شاہد رند نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ اب وقت بدل چکا ہے، عوام باشعور ہو چکے ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ کون تعلیم اور ترقی کی بات کر رہا ہے اور کون صرف نفرت اور سیاست چمکانے میں مصروف ہے انہوں نے واضح کیا کہ حکومت کسی دباؤ، تنقید یا پروپیگنڈے سے مرعوب ہونے والی نہیں اور تعلیمی اصلاحات اور ترقی کا سفر ہر صورت جاری رہے گا۔

MASHRIQ QUETTA

## ڈی جی پی ڈی ایم اے کا قلعہ سیف اللہ میں بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

### ڈپٹی کمشنر ساگر کمار نے انہیں نقصانات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی

### جہانزیب خان غوریزئی کی سینیئر مولانا عبدالواسع سے بھی ملاقات بارشوں سے نقصانات پر تبادلہ خیال

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کے ڈائریکٹر جنرل و ریلیف کمشنر جہانزیب خان غوریزئی نے حالیہ ژالہ باری اور شدید بارشوں سے ہونے والے نقصانات کے جائزے کیلئے ضلع قلعہ سیف اللہ کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا گزشتہ روز ریلیف کمشنر و ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان غوریزئی نے ........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹر ریسکیو نوید احمد شیخ اور پی ڈی ایم اے ٹیم کے ہمراہ متاثرہ علاقوں کا معائنہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ ساگر کمار نے انہیں نقصانات سے متعلق بریفنگ دی اور تباہ شدہ مکانات، باغات اور زرعی اراضی کا تفصیلی دورہ کرایا دورے کے دوران جمعیت علماء اسلام (ف) کے سینیئر مولانا عبدالواسع سے بھی ملاقات ہوئی، جس میں قدرتی آفت کے باعث زراعت خصوصاً باغات اور فصلوں کو پہنچنے والے شدید نقصان پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا سینیئر مولانا عبدالواسع نے مقامی مسائل اجاگر کرتے ہوئے متاثرین کے لئے فوری امداد اور بحالی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا ریلیف کمشنر جہانزیب خان غوری زئی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر نقصانات کے تخمینے کا سروے جاری ہے، جبکہ متاثرہ خاندانوں کی مدد اور ان کی روزگار کی بحالی کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ اس دورے کا مقصد نقصانات کا جامع جائزہ لے کر مقامی اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے موثر امدادی اور بحالی کی حکمت عملی مرتب کرنا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## سی پیک گوادر کو علاقائی روابط کا مرکز، 25.93 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری

### 2 لاکھ 61 ہزار روزگار کے مواقع

### ساحلی شہر کو علاقائی تجارتی مرکز میں تبدیل کیا جا رہا ہے، گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ دنیا کے بڑے طیاروں کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھے گا

### سی پیک کنسورشیم آف یونیورسٹیز کے تحت 130 تعلیمی ادارے شامل ہیں، چینی تعاون سے پاکستانی سیٹلائٹس لانچ کیے گئے، فیکٹ شیٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ اسٹریٹجک شراکت داری نے نمایاں ثمرات دیے ہیں۔ چینی سفارت خانے کی جانب سے جاری کردہ ایک فیکٹ شیٹ کے مطابق، چین پاکستان اقتصادی راہداری کے تحت اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری، بڑے پیمانے پر انفراسٹرکچر کی ترقی اور روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہوئے ہیں جبکہ گوادر علاقائی روابط بقیہ نمبر 69 صفحہ 5 پر

کا ایک مرکزی مرکز بن کر ابھرا ہے۔ فیکٹ شیٹ کے مطابق سی پیک جو بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو کا اہم حصہ ہے کے تحت 25.93 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی گئی اور 2 لاکھ 61 ہزار سے زائد ملازمتیں پیدا ہوئیں۔ اس منصوبے کے تحت 8 ہزار میگاواٹ سے زائد بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوا جبکہ 510 کلومیٹر سے زائد سڑکوں اور 886 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائن کی تعمیر مکمل کی گئی۔ گوادر میں متعدد منصوبوں پر کام جاری ہے جن کا مقصد اس ساحلی شہر کو علاقائی تجارتی مرکز میں تبدیل کرنا ہے۔ ان منصوبوں میں گوادر پورٹ کی توسیع شامل ہے جہاں گہرے پانی کی بندرگاہیں بڑے کارگو جہازوں اور آئل ٹینکرز کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ جسے جدید ترین سہولتوں سے آراستہ قرار دیا جا رہا ہے دنیا کے بڑے طیاروں کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 22 APR 2026 Page No. 19

## ضلعی انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود کیلئے سنجیدہ ہے، ڈی سی کیچ

### بارڈر ٹریڈ کو مزید موثر اور منظم بنانے کیلئے سنجیدہ اقدامات کیے جا رہے ہیں

تربت (غ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل کیچ میر ہوتمان بلوچ نے ایک اہم ملاقات کی، جس میں ضلع کیچ کی مجموعی صورتحال، سیاسی و سماجی امور اور بالخصوص پاک-ایران بارڈر ٹریڈ سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے علاقے کی ترقی، عوامی مسائل کے حل اور........

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کریں تعلیم ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے۔ جامعۃ المحصنات سے فارغ التحصیل طالبات بلوچستان بھر میں مزید تعلیمی ادارے قائم کریں شمع سے شمع روشن کرکے بلوچستان کی بہنوں و بیٹیوں کو تعلیم دینے میں بھرپور کردار ادا کریں حکومت وقت شعبے کو تعلیم آسان اور اسکی ہر فرد تک پہنچ کیلئے ہر سطح پر ہر ضلع میں یہ انقلابی کام کرنا چاہئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں جماعت اسلامی حلقہ خواتین کے زیر انتظام لڑکیوں کی عصری و دینی تعلیمی ادارے جامعۃ المحصنات گرلز ڈگری کالج کے دورے کے دوران طالبات و اساتذہ کرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی ناظمہ شازیہ عبداللہ پرنسپل ثریا طارق اور نظم خواتین جماعت کی دیگر ذمہ داران و جامع المحصنات کے اسٹاف سمیت جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر مولانا محمد عارف دمڑ بھی موجود تھے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے طالبات سے خطاب کرتے ہوئے علم، کردار اور خواتین کے دینی تعلیم، شعور کی اہمیت پر زور دیا انہوں نے کہا کہ خواتین معاشرے کی بنیاد ہیں اور ایک صالح، باکردار اور باعلم خاتون ہی ایک مضبوط اور بااخلاق نسل کی تربیت کرسکتی ہے۔ اگر خواتین اپنی دینی و اخلاقی ذمہ داریوں کو سمجھ کر ادا کریں تو معاشرہ خود بخود اصلاح کی راہ پر گامزن ہوسکتا ہے انہوں نے طالبات کو تلقین کی کہ وہ علم کے ساتھ ساتھ اعلیٰ کردار، حیاء، شعور اور خدمتِ خلق کو اپنا شعار بنائیں تاکہ ایک مثالی اسلامی معاشرے کی تشکیل میں موثر کردار ادا کرسکیں۔

## بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے میرج ہالز کی مانیٹرنگ کا آغاز

### میرج ہال مالکان مقررہ مدت کے اندر اپنے ٹیکس ریٹرنز جمع کرائیں، حکام

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبے بھر میں میرج ہالز کی مانیٹرنگ سرگرمیوں کا آغاز کردیا ہے اتھارٹی نے تمام میرج ہال سروس فراہم کنندگان کو ہدایت کی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے کاروبار کی رجسٹریشن بی آر اے کے ساتھ مکمل کریں، مقررہ مدت کے اندر اپنے ٹیکس ریٹرنز جمع کرائیں اور واجب الادا ٹیکس بروقت ادا کریں تفصیلات کے مطابق بی آر اے نے واضح کیا ہے کہ قوانین کی عدم تعمیل کی صورت میں کاروباری پیچیدگیوں سے بچنے کیلئے ٹیکس دہندگان کو بروقت اقدامات کرنا ہوں گے بصورت دیگر قانون کے مطابق بینک........

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

اکاؤنٹس کی اٹیچمنٹ، کاروباری مراکز کی سیلنگ اور دیگر قانونی کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی اتھارٹی نے میرج ہال مالکان سے اپیل کی ہے کہ وہ بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز قوانین کی مکمل پاسداری یقینی بنائیں تاکہ کسی بھی قانونی کارروائی اور مالی مشکلات سے بچا جا سکے اور بلوچستان کی ترقی و خوشحالی میں اپنا مثبت کردار ادا کرسکیں۔

## بلوچستان اسمبلی: عمارت کا ڈھانچہ قابل توسیع نہیں، ماہرین

### محکمہ مواصلات و تعمیرات کے انجینئرز نے تفصیلی رپورٹ جمع کروا دی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی موجودہ عمارت کو ماہرین تعمیرات نے تکنیکی بنیادوں پر ناقابل توسیع قرار دیتے ہوئے اس کے بنیادی ڈھانچے کا از سر نو تعین اور موجودہ و مستقبل کی ضروریات کے مطابق جامع منصوبہ بندی کی سفارش کر دی ........

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

ہے یہ پیش رفت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے صوبائی اسمبلی میں دیے گئے پالیسی بیان کے بعد سامنے آئی جس میں اسمبلی کی موجودہ عمارت میں ضروری توسیع کے لیے تجاویز طلب کی گئی تھیں ذرائع کے مطابق اس ضمن میں ماہرین تعمیرات اور محکمہ مواصلات و تعمیرات کے انجینئرز نے تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اپنی رپورٹ حکومت کو پیش کر دی ہے

## حلقہ بندیوں کے حوالے سے ٹھوس اعتراضات داخل کرائے جائیں، الیکشن کمیشن

### اخباری خبر بے بنیاد الزامات کی سختی سے تردید کرتے ہیں، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) الیکشن کمیشن بلوچستان کے ترجمان نے اس اخباری خبر کی سختی سے تردید کی ہے جس میں الزام لگایا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن نے لوکل گورنمنٹ کی حلقہ بندیاں کسی مخصوص گروپ کیلئے ترتیب دی ہیں۔ ترجمان نے اس تاثر کو مکمل رد کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حلقہ بندیاں آخری مردم شماری کے اعداد و شمار کی بنیاد پر آبادی کے کوٹہ کو مدنظر رکھتے ہوئے ........

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کی گئی ہیں جس کے لئے باقاعدہ ایک کمیٹی تشکیل دی گئی تھی جس نے تمام قوانین اور زمینی حقائق کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ابتدائی فہرست جاری کی ہے۔ اس حوالے سے اگر کسی بھی متاثرہ ووٹر کو ان حلقہ بندیوں پر اعتراض ہے تو وہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مقرر کردہ حلقہ بندی اتھارٹی کو اپنے اعتراضات 29 اپریل 2026ء تک داخل کروا سکتے ہیں جس پر بعد ازاں باقاعدہ شنوائی قانون کے مطابق فیصلے کیے جائیں گے اور اس کے بعد حتمی حلقہ بندیوں کی فہرست کو شائع کیا جائے گا ترجمان الیکشن کمیشن نے مزید کہا ہے کہ بے بنیاد اخباری بیانات کے ذریعے حلقہ بندیوں کے اس قانونی عمل پر تنقید کی بجائے قانون میں دیے گئے طریقہ کار کے مطابق مجاز اتھارٹی کے پاس بمعہ ٹھوس وجوہات اعتراض داخل کیے جائیں تاکہ ان کی باقاعدہ شنوائی اور فیصلے ہوسکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated. 22 APR 2026

Page No. 20

## محکمہ تعلیم کوہلو کے زیر اہتمام تربیتی سیشن کا انعقاد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ تعلیم کوہلو کے زیر اہتمام EMIS اسکول مردم شماری 2025-26 کے سلسلے میں کلسٹر ہیڈز کے لیے دوروزہ تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا اس سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول کوہلو میں مرد کلسٹر ہیڈز جبکہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کوہلو میں خواتین کلسٹر ہیڈز کو جدید تقاضوں کے مطابق تربیت فراہم کی گئی تربیتی سیشن کے دوران ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر آر ٹی ایس ایم بہرام خان کاکائی نے ہیڈ ماسٹرز اور کلسٹر ہیڈز کو EMIS سسٹم، ڈیٹا اندراج، اسکول مردم شماری کے طریقہ کار اور درست معلومات کی بروقت فراہمی سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوہلو جعفر خان زرکون اور ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) کوہلو حفیظ اللہ مری نے ٹریننگ سینٹرز کا دورہ کیا اور جاری تربیتی عمل کا جائزہ لیا۔

## گرلز ماڈل ہائی اسکول تربت میں داخلہ مہم کے سلسلے میں سیمینار

### بچے قوم کا مستقبل ہیں، ان کی بہتر تربیت اور تعلیم ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، ڈپٹی کمشنر

تربت (نامہ نگار) گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائی اسکول تربت میں داخلہ مہم کے سلسلے میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی تھے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ محکمہ تعلیم ضلع کیچ نے اس سال داخلہ مہم کے دوران 18 ہزار 100 کے ہدف کے مقابلے میں 17 ہزار 900 طلبہ کو اسکولوں میں داخل کرکے قابل قدر کارکردگی دکھائی ہے انہوں نے اس کامیابی پر محکمہ تعلیم کے تمام افسران اور اسکولوں کے سربراہان کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اب کوئی بھی بچہ تعلیم سے محروم نہیں رہے گا اور تمام بچوں کو اسکولوں میں داخل کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ بچے قوم کا مستقبل ہیں اور ان کی بہتر تربیت اور تعلیم ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری دیانتداری اور پابندی کے ساتھ ادا کریں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کیا جائے گا اسکول کی پرنسپل زمرد واحد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ داخلہ مہم کے دوران بڑی تعداد میں بچیوں کو اسکول میں داخل کرنے میں کامیابی حاصل ہوئی ہے تقریب کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر کیچ اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے بچوں میں تحائف بھی تقسیم کیے۔

## گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج جناح ٹاؤن میں آگاہی سیشن کا انعقاد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج جناح ٹاؤن کوئٹہ میں اخوت گرلز کالج چکوال کی جانب سے ایک پروقار آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج بروری روڈ اور گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج سریاب ملز کی طالبات اور اساتذہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیشن سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل اخوت گرلز کالج، صبا حسام نے بتایا کہ ادارے کا مقصد مستحق اور ہونہار طالبات کو اعلیٰ معیاری تعلیم فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اخوت کالج میں تمام تعلیمی اخراجات، ہاسٹل اور میس کی سہولت بالکل مفت فراہم کی جاتی ہے۔ تقریب کے دوران طالبات کو بتایا گیا کہ کالج میں داخلے کے لیے میٹرک میں کم از کم 75 فیصد نمبروں کی شرط رکھی گئی ہے۔ کوئٹہ کی طالبات کی سہولت کے لیے داخلہ ٹیسٹ اور انٹرویو مقامی طور پر کوئٹہ شہر میں ہی منعقد کیے جائیں گے۔ روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ اب بی ایس انگریزی اور بی ایس کامرس کے پروگرامز بھی شروع کیے جا رہے ہیں۔ پرنسپل نے مزید کہا کہ دور جدید کے تقاضوں کے مطابق طالبات کے لیے آن لائن ایڈمیشن کی سہولت بھی فراہم کر دی گئی ہے تاکہ بلوچستان کی دور دراز علاقوں کی طالبات بھی گھر بیٹھے اپلائی کر سکیں۔ سیشن کے اختتام پر پرنسپل بروری روڈ کالج نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ ایسے سیشنز سے بلوچستان کی طالبات کو ملک کے بہترین تعلیمی اداروں تک رسائی حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated 22 APR 2026

Page No. 21

## بلوچستان کے لوگوں کو اپنے مستقبل سے متعلق تشویش ہے، لشکری رئیسانی

**مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کی آڑ میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کو یہاں لاکر مسلط کیا جا رہا ہے، گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ممتاز سیاست دان سابق ... حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کو اپنے مستقبل سے متعلق تشویش لاحق ہے، لوگوں کا نظام پر اعتماد نہیں ... مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کی مخالفت اس لئے کی ہے ... اس ایکٹ کی آڑ میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کو یہاں لاکر مسلط کیا ... [illegible]

MASHRIQ QUETTA

## ڈبل روڈ اہم تجارتی مرکز، نو پارکنگ کا فیصلہ قابل مذمت ہے، انجمن تاجران

**حکومتی اقدامات عوام اور تاجروں کیلئے مزید مشکلات کا باعث بن رہے ہیں، رحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، عمران ترین**

**شہری ڈبل روڈ آنے میں بھی عدم تحفظ کا شکار، سپیئر پارٹس کی خریداری کیلئے ان کا بازار گئی جانا ممکن نہیں، محمد جان آغا، آفتاب آغا**

**فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو کوئٹہ شہر میں احتجاج کی کال دینے پر مجبور ہو جائیں گے، جلسہ سے رہنماؤں کا خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم کاکڑ، ... نائب صدر حضرت علی اچکزئی، ... عمران ترین، نائب صدر محمد جان آغا ... ڈبل روڈ کے تاجروں ... [illegible] ... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7

## وزیراعلیٰ راشن پیکج میں بدعنوانی پر خاموشی معنی خیز ہے، پشتونخوامیپ

**رمضان پیکج میں ضلعی افسر کوئٹہ کی مجرمانہ خاموشی قابل مذمت ہے، بیان**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ ... جاری کردہ بیان میں رمضان میں وزیراعلیٰ راشن پیکج میں ... کی بدعنوانی ... [illegible] ... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 22 APR 2026 Page No. 22


# سبی ریلوے ٹریک دھماکے سے تباہ، ڈی سی آفس کچھی میں دستی بم حملہ

نامعلوم افراد کی جانب سے حاجی شہر ریلوے اسٹیشن کے قریب ٹریک پر نصب 2 کلو بارودی مواد پھٹنے سے 2 فٹ ٹریک متاثر

ڈی سی آفس کچھی پر مسلح افراد کی جانب سے پھینکے گئے دستی بم کا زوردار دھماکہ، پولیس کی فائرنگ سے حملہ آور فرار ہوگئے، ذرائع

کوئٹہ/سبی (آن لائن) سبی کے علاقے حاجی شہر ریلوے اسٹیشن کے قریب نامعلوم ملزمان نے دھماکہ خیز مواد سے ریلوے ٹریک کو اڑا دیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب سبی کے علاقے حاجی شہر ریلوے اسٹیشن کے قریب دھماکے کی آواز سنی گئی دھماکے کی اطلاع ...... بقیہ نمبر 7 صفحہ 35

ملتے ہی پولیس، سیکیورٹی فورسز اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئی اور جائے وقوعہ پر پہنچنے پر معلوم ہوا کہ دھماکہ خیز مواد ریلوے ٹریک پر نصب کیا گیا تھا دھماکے کی وجہ سے تقریباً 2 فٹ ریلوے ٹریک اڑ گیا تاہم انتظامیہ کی جانب سے کارروائی شروع کر دی گئی، ریلوے حکام نے سیکیورٹی کلیئرنس کے بعد متاثرہ ریلوے ٹریک کی مرمت کر کے ٹرینوں کی آمد و رفت کو [illegible] بنایا۔ دریں اثناء ڈپٹی کمشنر کچھی کے دفتر میں گزشتہ شب نامعلوم ملزمان نے دستی بم پھینکا جو کھلے مقام پر گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا ڈیوٹی پر موجود پولیس اہلکاروں کی فائرنگ سے ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے

## پنجگور، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق

پروم جانین کے مقام پر نامعلوم افراد اختر نامی شخص کو قتل کر کے فرار ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) پنجگور کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز پنجگور کے علاقے پروم جانین میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے اختر نامی شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے۔ نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔۔۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 5 Dated 22 APR 2025 Page No 23

# خضدار، تعلیمی پسماندگی شدت اختیار کر گئی، بچوں کا مستقبل داؤ پر لگ گیا

INTEKHAB QUETTA

## ہنگو: ایل پی جی کے نرخ آسمان سے باتیں کرنے لگے، شہری پریشان

## کیچ: تعلیمی نظام زبوں حال، کنٹریکٹ اساتذہ کی تعیناتی مشکوک

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5 Dated: 22 APR 2026 Page No. 24


## زرغون ہاؤسنگ سکیم کو گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ملاقہ مکین

### گیس نہ ہونے کے باعث روزمرہ گھریلو امور شدید متاثر رہائشیوں کو شدید مشکلات کا سامنا

### رہائشی مہنگے داموں ایل پی جی خریدنے پر مجبور کیو ڈی اے حکام گیس کی فراہمی جلد یقینی بنائیں

کوئٹہ (پ ر) زرغون ہاؤسنگ اسکیم نواں کلی کوئٹہ کے رہائشیوں نے کہا ہے کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو ایک دن میں ایک ارب کی آمدن کے بعد زرغون ہاؤسنگ سکیم کو گیس کی فراہمی میں فنڈز کی کمی کا جواز ختم ہوگیا ہے لہٰذا فوری طور پر ہاؤسنگ اسکیم کو گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اسکیم 2017 میں مکمل ہو چکی ہے لیکن 9 سال گزرنے کے باوجود تاحال گیس فراہم نہیں کی جا سکی۔ گیس نہ ہونے کے باعث روزمرہ گھریلو امور شدید متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ سردیوں کے موسم میں مشکلات مزید بڑھ جاتی ہیں اور رہائشیوں کو مہنگے داموں ایل پی جی خرید کر گزارا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں کیو ڈی اے کی جانب سے سیکڑوں الاٹیز کو ریکوری نوٹسز جاری کیے گئے، جن میں اقساط تاخیر سے جمع کروانے پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے اور 15 روز کے اندر ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں پلاٹس کی منسوخی کی وارننگ بھی دی گئی۔ ایک جانب ادارہ سخت مالی شرائط نافذ کر رہا ہے، جبکہ دوسری جانب بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مسلسل تاخیر کی جا رہی ہے، جو کہ ناانصافی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ نو سال سے گیس کی عدم دستیابی کے باعث ایل پی جی پر اٹھنے والے اضافی اخراجات کے تناظر میں کیو ڈی اے کو صارفین کو ہرجانہ ادا کرنا چاہیے اور فوری طور پر گیس فراہمی کا مسئلہ حل کیا جائے۔


Century Express Quetta


## محکمہ کھیل سبی، کچھی اور کوئٹہ میں جعلی بھرتیوں کا انکشاف

### جعلی بھرتیوں کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کی جائے، عوامی حلقے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ کھیل و امور نوجوانان بلوچستان میں سبی، کچھی اور کوئٹہ میں جعلی بھرتیوں کا انکشاف، باوثوق ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع سبی میں مبینہ طور پر جعلی تعیناتی پر وائزر کو گریڈ 18 میں ترقی دی گئی ہے جبکہ ڈسٹرکٹ کچھی میں جعلی تعیناتی سپروائزر کو ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر چمن تعینات کیا گیا ہے، کوئٹہ میں ڈیرہ بگٹی سے تعلق رکھنے والے شخص کو بھرتی کرنے کے بعد ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر اور جعلی تعینات کیا گیا ہے ذرائع کے مطابق مذکورہ تعیناتیوں کا اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نے جب ریکارڈ طلب کیا تو محکمہ کھیل نے تحریری طور پر واضح اینٹی کرپشن کو آگاہ کیا کہ تعیناتیوں کا ریکارڈ محکمہ کے پاس موجود نہیں عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری، اور اینٹی کرپشن حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ کھیل میں ہونے (باقی صفحہ 5 نمبر 27)

والی جعلی اور بوگس بھرتیوں کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ دار عناصر کے خلاف فوری اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ سرکاری اداروں میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

6 Daily: MEEZAN QUETTA 22 APR 2026

Bullet No. No. 25

# نوجوان ریاست کا اہم سرمایہ!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان نیول وار کالج کے 55ویں تربیتی کورس کے شرکاء سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں قیام امن واستحکام اور قومی سلامتی کے فروغ کے لیے وزیراعظم پاکستان کی قیادت اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پیشہ ورانہ قائدانہ کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سول وعسکری قیادت کے موثر اشتراک نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے اور پاکستان کے دفاعی سٹریٹیجک وژن کو مزید مضبوط، واضح اور ہمہ جہت بنایا ہے۔ بلوچستان پاکستان کے مستقبل میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سول وعسکری قیادت کے درمیان ہم آہنگی ناگزیر ہے اور اس اشتراک کے تحت ہم آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں تاہم ریاست ان تمام سرگرمیوں سے پوری طرح آگاہ ہے اور موثر حکمت عملی کے تحت ان کا مقابلہ کر رہی ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو ریاست کا سب سے اہم سرمایہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہیں قومی دھارے میں شامل کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ ریاستی پالیسیوں کا محور نوجوان ہیں اور ان کے ساتھ اعتماد سازی کے لیے میرٹ، شفافیت اور ہر سطح پر بامقصد ڈائیلاگ کو فروغ دیا جا رہا ہے صوبے کی ہر جامعہ اور ہر فورم پر نوجوانوں کو سنا جا رہا ہے تاکہ ان کے مسائل کو سمجھ کر موثر حل فراہم کیے جا سکیں۔ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار ایک جامع یوتھ پالیسی متعارف کرائی گئی ہے جس کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنانے انہیں مواقع فراہم کرنے اور ترقی کے عمل میں شریک کرنے کا عملی فریم ورک دیا گیا ہے نوجوانوں کے گلے شکوؤں کو سنجیدگی سے سنا جا رہا ہے ان کے تحفظات وشکایات کا ازالہ کیا جائے گا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے نوجوانوں کو ریاست کا اہم سرمایہ قرار دینا حقیقت پر مبنی بیان ہے۔ کیونکہ نوجوان ہی ملک کے مستقبل کے معمار ہیں اور انہوں نے ہی آگے جا کر ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنی ہے اس لیے ان کا اور ان کے مسائل کے حل کرنے کے لیے احسن اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ اس وقت صوبے میں نوجوان بڑی مشکلات اور مسائل سے دوچار ہیں ان کو سب سے اہم درپیش مسئلہ ملازمتوں کا ہے جو کہ ان کو نہیں مل پا رہیں وہ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود ڈگریاں ہاتھوں میں لیے نوکریوں کے لیے سرگرداں ہیں۔ اس طرح اکثر نوجوان اوور ایج بھی ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے وہ ذہنی مریض بن گئے ہیں۔ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار ایک جامع یوتھ پالیسی متعارف کرنا بلاشبہ صوبائی حکومت کا ایک بڑا اہم کارنامہ ہے جس کا سہرا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے سر جاتا ہے۔ اس پالیسی میں نوجوانوں کو بااختیار بنانا انہیں مواقع فراہم کرنے اور ترقی کے عمل میں شریک کرنے کا عملی فریم ورک دیا گیا جو نوجوانوں کے بہترین مفاد میں ثابت ہوگا۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو اپنے مذکورہ گفتگو کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں کیونکہ یہ نوجوانوں کے مستقبل کا سوال ہے جو اچھا ہونا چاہیئے۔ ان کو سرکاری نوکریوں کے ساتھ ساتھ پرائیویٹ سیکٹر میں بھی ملازمتیں دینے کے اقدامات کرنے چاہئیں جو کہ نہایت ناگزیر ہے۔

# Ending lockdown

The global geopolitical landscape is currently locked in a perilous stalemate as the deadlock in negotiations between the United States and Iran shows no sign of easing. This diplomatic paralysis has cascaded into a full-blown international crisis following the closure of the Strait of Hormuz. With approximately 20% of the world's petroleum and liquefied natural gas (LNG) supply effectively stranded, the global economy is reeling from what experts describe as a supply disruption of historic proportions. In response to this external shock and a burgeoning national "Energy Emergency," the Government of Pakistan has implemented a rigorous conservation policy that effectively places the country under an economic lockdown. Under these directives, which are being strictly enforced across Balochistan, all shops and commercial markets must pull down their shutters by 8:00 PM sharp, while hotels and restaurants are mandated to close by 11:00 PM. While the government frames these measures as an unavoidable necessity to preserve the nation's dwindling fuel reserves, the reality on the ground tells a much more distressing story for the business community and the general public. For the traders and shopkeepers of Balochistan, these restrictions have arrived at the worst possible moment. The province's economy, already fragile and plagued by low growth rates, is being further stifled by the double blow of record-high inflation and the persistent closure of border trade routes. Shopkeepers argue that the 8:00 PM cutoff point coincides with the "golden hour" of retail the very peak time when workers return from their day jobs and families head out to make essential purchases. By forcing markets to close during these prime trading hours, the government has inadvertently multiplied the miseries of a sector that was already gasping for air. In Balochistan, where the pace of business is historically slower and the reliance on small-scale retail is high, the impact is particularly acute. The local masses, already struggling with the unsatisfactory economic condition of the province, now find their daily lives and livelihoods disrupted by a "siege economy" model that feels increasingly permanent. The business community has warned that these measures are pushing many small enterprises toward bankruptcy. There is a growing consensus among traders that the current policy is unsustainable and that the government must pivot toward a more pragmatic solution. It is essential that the authorities engage in immediate, meaningful dialogue with stakeholders to find a middle ground one that balances energy conservation with the survival of the economy rather than forcing the nation's commerce to operate in a constant state of threat and fear.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 22 APR 2026 Page No. 27


# ضلع کیچ میں تعلیمی انقلاب میرٹ، شفافیت اور روشن مستقبل کی جانب قدم


تحریر: چاکر بلوچ


ضلع کیچ میں حالیہ دنوں حکومت کی جانب سے تعلیمی بہتری کے لیے اساتذہ کی کنٹریکٹ بنیادوں پر تعیناتی ایک خوش آئند اور مثبت پیش رفت ہے۔ یہ اقدام نہ صرف تعلیم کے فروغ کی سنجیدہ کوششوں کا عکاس ہے بلکہ اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ حکومت تعلیمی میدان میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ اطلاعات کے مطابق میل اور فیمیل اساتذہ کی تعیناتی مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد پر کی گئی، جس سے اہل اور قابل افراد کو آگے آنے کا موقع ملا۔ اس عمل میں شفافیت کو برقرار رکھنے سے عوام کا اعتماد بھی بحال ہوا ہے، جو ماضی میں اکثر تقرریوں کے حوالے سے سوالات اٹھاتے رہے ہیں۔ اس طرح کے اقدامات نہ صرف تعلیمی معیار کو بہتر بناتے ہیں بلکہ نوجوان نسل میں محنت اور قابلیت کے رجحان کو بھی فروغ دیتے ہیں۔ ضلع کیچ جیسے وسیع اور جغرافیائی طور پر پھیلے ہوئے علاقے میں تعلیم کی فراہمی ہمیشہ ایک چیلنج رہی ہے، خاص طور پر دور دراز علاقوں میں جہاں بنیادی سہولیات کا فقدان ہے۔ تاہم، حکومت کی جانب سے ان علاقوں میں نئے اسکولوں کے قیام اور بند اسکولوں کی بحالی کے اقدامات قابل ستائش ہیں۔ اساتذہ کی دستیابی سے ان اسکولوں کو فعال بنانے میں مدد ملے گی، جس کے نتیجے میں مقامی بچوں کو اپنے علاقوں میں ہی تعلیم حاصل کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ خواتین اساتذہ کی شمولیت بھی ایک اہم پیش رفت ہے، کیونکہ اس سے بچیوں کی تعلیم کو فروغ ملے گا اور والدین میں اعتماد پیدا ہوگا کہ ان کی بیٹیاں محفوظ اور سازگار ماحول میں تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ یہ عمل نہ صرف شرح خواندگی میں اضافے کا سبب بنے گا بلکہ سماجی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ حکومت کی جانب سے شروع کیا گیا یہ تعلیمی انقلاب درحقیقت ایک دور اندیش پالیسی کا نتیجہ ہے، جس کا مقصد صرف وقتی بہتری نہیں بلکہ ایک پائیدار تعلیمی نظام کی تشکیل ہے۔ اساتذہ کی بروقت تعیناتی، جدید تدریسی طریقوں کا فروغ اور تعلیمی اداروں کی بہتری اس وژن کا حصہ ہیں، جو مستقبل کی نسلوں کو مضبوط بنیاد فراہم کرے گا۔ مزید برآں، حکومت کی تعلیمی دوستی پالیسی نے یہ واضح کر دیا ہے کہ تعلیم کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔ دور افتادہ علاقوں میں اسکولوں کا قیام، سہولیات کی فراہمی اور اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنانا ایسے اقدامات ہیں جو ایک حقیقی تبدیلی کی نشاندہی کرتے ہیں۔ یہ اقدامات اس بات کا ثبوت ہیں کہ حکومت صرف اعلانات تک محدود نہیں بلکہ عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے۔ یہ تعلیمی اصلاحات نہ صرف ضلع کیچ بلکہ پورے خطے کے لیے ایک مثال بن سکتی ہیں۔ اگر اسی جذبے اور سنجیدگی کے ساتھ کام جاری رہا تو وہ دن دور نہیں جب یہ علاقہ تعلیمی ترقی میں نمایاں مقام حاصل کرے گا۔ حکومت کا یہ تعلیمی انقلاب یقیناً ایک روشن مستقبل کی بنیاد رکھ رہا ہے، جس کے مثبت اثرات آنے والی نسلوں تک منتقل ہوں گے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے اور ان کی مؤثر نگرانی بھی کی جائے تاکہ تعینات کیے گئے اساتذہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھا سکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ کمیونٹی کی شمولیت کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ تعلیم کے فروغ کا یہ سفر مشترکہ ذمہ داری کے طور پر جاری رہے۔ مجموعی طور پر، ضلع کیچ میں اساتذہ کی میرٹ پر تعیناتی اور دور دراز علاقوں میں تعلیمی سہولیات کی فراہمی حکومت کے ایک روشن اور تعلیم دوست وژن کی عکاسی کرتی ہے۔ اگر یہی رفتار برقرار رہی تو آنے والے دنوں میں ضلع کیچ تعلیمی میدان میں نمایاں ترقی حاصل کر سکتا ہے۔